نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور 21
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے پودوں کی کانٹ چھانٹ اور نئے باغات لگانے بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور 31 جنوری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان حضرات ترشاوہ پھلوں کی بیمار، سوکھی اور غیر ضروری شاخوں کی کانٹ چھانٹ کریں تاکہ پودے بیماری کے حملہ سے محفوظ رہیں۔ باغبان کنو، مسمی، چائنا لیموں وغیرہ کی برداشت جاری رکھیں اور برداشت شدہ پودوں کی شاخ تراشی تیز دھار آلات سے کرتے رہیں۔ نئے باغات لگانے کے لیے زمین کی تیاری کریں اور گڑھے کھودیں۔ باغبان محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے ترشاوہ باغات میں متوازن کیمیائی کھادیں ڈالیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان نئے باغات لگانے کے لئے زمین کی تیاری کریں اور 3 x3x3 کے گڑھے کھودیں اوران کو 15 دن کیلئے کھلے رکھیں۔ گڑھوں میں ایک فٹ اوپر والی گڑھے کی ایک حصّہ مٹی، ایک حصّہ بھل اور ایک حصہ گلی سڑی گوبر کی کھاد ملا کر بھر دیں اور بعد ازاں، پانی لگا کر ہموار کریں۔ نئے باغات لگانے کیلئے پودوں کی خرید ترجیحاً سرٹیفائیڈ نرسری سے کریں۔

☆☆☆☆